قوائد وضوابط برائے سائیکل سٹینڈ ٹینڈر 27- 2026

1. اتوار کو پارکنگ سٹینڈ کھلا رہے گا۔
2. سرکاری چھٹی کے دن (اتوار کے علاوہ) پارکنگ سٹینڈ بند رہے گا۔
3. پارکنگ سٹینڈ صبح 6 بجے سے لیکر رات 10 بجے تک کھلا رہے گا۔ مقررہ وقت کے بعد سٹینڈ بند رہے گا۔
4. تمام پیشکشیں ماہانہ بنیادوں پر قبول کی جائیں گی۔
5. مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے ٹینڈر منسوخ ہوں گے۔
6. ٹینڈر دہندہ اپنے ٹینڈر کے ہمرہ مبلغ -/ 150،000 روپے کا بنک ڈرافٹ بحق چیف پوسٹ ماسٹر فیصل آباد جی پی او بطور ضمانت منسلک کرے گا۔ جو ناکام بولی دہندگان کو واپس کر دیا جائیگا۔
7. ٹھیکہ کی رقم ہر ماہ کی 10 تاریخ تک پیشگی فیصل آباد جی پی او میں یو آر (ACG-67) کی صورت میں جمع کروانا ہو گی۔
8. سائیکل سٹینڈ پر کوئی موٹر کار کھڑی کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔
9. جن پارٹیوں کے ذمہ بقایا جات واجب الادا ہوں گے وہ ادائیگی کئے بغیر ٹینڈر دینے کے مجاز نہیں ہوں گے۔
10. نامزد ٹھیکیدار تمام پوسٹل ملازمین کے سائیکل / موٹر سائیکل، سٹینڈ پر کھڑے کرنے کے بعد باقی ماندہ جگہ پر آنے والے پوسٹل کسٹمرز / آؤٹ سائیڈر کے سائیکل و موٹر سائیکل کھڑی کرنے کا مجاز ہو گا۔
11. ٹینڈر دہندہ اپنا ٹھیکہ کسی دوسرے کو ٹرانسفر یا فروخت نہیں کر سکتا۔ ثابت ہونے پر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔
12. چیف پوسٹ ماسٹر فیصل آباد جی پی او کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ کوئی ایک یا تمام ٹینڈر بغیر وجہ بتائے منسوخ یا مسترد کر دے۔
13. کامیاب بولی دہندہ کو کل سالانہ رقم کا 25 فیصد کا بنک ڈرافٹ بطور سیکیورٹی ڈیپازٹ بحق چیف پوسٹ ماسٹر فیصل آباد جی پی او جمع کروانا ہو گا۔
14. ٹینڈر دہندہ ٹینڈر کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی منسلک کریگا۔ اور ٹینڈر کی کشادگی کے وقت اصل ہمراہ لائیگا۔
15. ہر ٹینڈر پر نمایاں طور پر "ٹینڈر برائے سائیکل سٹینڈ فیصل آباد جی پی او 27-2026" لکھا جائے گا۔
16. تمام پوسٹل ملازمین کے سائیکل / موٹر سائیکل، سٹینڈ پر کھڑے کرنے کے بعد باقی ماندہ جگہ پر آنے والے کسٹمرز کے سائیکل و موٹر سائیکل کھڑی کرنے کا ٹھیکیدار مجاز ہو گا۔
17. سائیکل سٹینڈ پر سائیکل اور موٹر سائیکل ماہانہ بنیادوں پر کھڑے کرنے کا اختیار ٹھیکیدار کو نہ ہو گا۔
18. سائیکل سٹینڈ کے نرخ مندرجہ ذیل ہوں گے :۔ سائیکل مبلغ 10 روپے موٹر سائیکل مبلغ 30 روپے۔
19. ٹھیکیدار سائیکل سٹینڈ کے نرخ 12 "سائز کے حروف میں پینا فلیکس پر سٹینڈ کے داخلی راستے پر نمایاں جگہ پر آویزاں کرے گا۔
20. ٹھیکیدار سیریل نمبر کے پارکنگ ٹکٹ جاری کریگا۔ جس پر ریٹ، سائیکل سٹینڈ کا نام، ٹھیکیدار کا نام اور سن اور تاریخ پرنٹ کرے گا۔
21. موٹر سائیکل کا نمبر قلم سے پارکنگ ٹکٹ پر لکھا جائے گا۔
22. کسی بھی شرط کی عدم تعمیل کی صورت میں سات دن کا نوٹس دے کر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا۔ اور زر ضمانت / سیکیورٹی ضبط کر لی جائیگی۔
23. منظور شدہ ٹھیکیدار پابند ہو گا کہ وہ اگلے ٹینڈر کی منظوری تک مقررہ قوائد وضوابط اور ریٹ کے مطابق ٹھیکہ جاری رکھے گا۔
24. دس ہزار (/-10000) روپے ناقابل واپسی پروسیسنگ فیس کسی بھی ڈاک خانہ میں یو آر (ACG-67) کی صورت میں ٹینڈر دہندہ ٹینڈر کے ہمراہ رسید لگائے گا
25. سائیکل سٹینڈ کی فزیکل سکیورٹی ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہو گی اور سائیکل سٹینڈ کا ٹھیکیدار ڈی ایم او فیصل آباد کی عمارت / دروازے کے باہر پڑے پارسلوں پر بھی نظر رکھے گا۔
26. سٹینڈ میں کھڑی سائیکل یا موٹر سائیکل کی چوری / گمشدگی یا نقصان کی صورت میں ٹھیکیدار ذمہ دار ہو گا اور نقصان پورا کریگا۔
27. ٹینڈر فارم ایڈمن برانچ فیصل آباد جی پی او اور پیپرا کی ویب سائٹ سے مفت حاصل کیا جا سکتا ہے۔
28. مذکورہ بالا ٹینڈر کا عمل پیپرا (پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی) کے قوانین 2004 کے تحت مکمل ہو گا۔
29. بولی کی رقم کم از کم حد مبلغ ایک لاکھ پچاس ہزار روپے (-/150000) ہو گی۔
30. نامزد ٹھیکیدار پارکنگ کسٹمرز کے ساتھ خوش اسلوبی اور حسن اخلاق سے پیش آنے کا پابند ہو گا لڑائی جھگڑے کی صورت میں مجاز اتھارٹی ٹینڈر منسوخ کر سکتی ہے اور پیش ہونے والے وقوعہ کا نام ٹھیکیدار خود ذمہ دار ہو گا۔
31. نامزد ٹھیکیدار چیف پوسٹ ماسٹر کے آفس کے سامنے صحن میں موٹر سائیکل اور سائیکل پارک کرنے کا مجاز نہیں ہو گا۔

المشتہر

چیف پوسٹ ماسٹر

فیصل آباد جی پی او

CamScanner

ٹینڈر برائے ٹھیکہ سائیکل و موٹر سائیکل سٹینڈ فیصل آباد جی پی او برائے سال 27-2026

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فیصل آباد جی پی او کے سائیکل سٹینڈ کے ٹھیکہ برائے سال 27- 2026 کیلئے ماہانہ بنیادوں پر ٹینڈرز درکار ہیں۔ جو کہ مورخہ 24 نومبر 2026 تک بوقت 11 بجے تک وصول کیے جائیں گے اور تمام ٹینڈرز دہندگان کی موجودگی میں مورخہ 24 نومبر 2026 کو بوقت 12 بجے چیف پوسٹ ماسٹر فیصل آباد جی پی او کے دفتر میں کھولے جائیں گے۔ قوائد و شرائط اور ٹینڈر فارم پیپر اکی ویب سائیٹ یا دفتر ھذا سے مفت حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

رابطہ نمبر 041-9201114 , میل ایڈریس، Cpmfsd.gpo@pakpost.gov.pk ، واٹس ایپ نمبر 0321-7677295

چیف پوسٹ ماسٹر فیصل آباد جی پی او

ٹینڈر برائے ٹھیکہ سائیکل و موٹر سائیکل سٹینڈ فیصل آباد جی پی او برائے سال 27-2026

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فیصل آباد جی پی او کے سائیکل سٹینڈ کے ٹھیکہ برائے سال 27- 2026 کیلئے ماہانہ بنیادوں پر ٹینڈرز درکار ہیں۔ جو کہ مورخہ 24 نومبر 2026 تک بوقت 11 بجے تک وصول کیے جائیں گے اور تمام ٹینڈرز دہندگان کی موجودگی میں مورخہ 24 نومبر 2026 کو بوقت 12 بجے چیف پوسٹ ماسٹر فیصل آباد جی پی او کے دفتر میں کھولے جائیں گے۔ قوائد و شرائط اور ٹینڈر فارم پیپر اکی ویب سائیٹ یا دفتر ھذا سے مفت حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

رابطہ نمبر 041-9201114 , میل ایڈریس، Cpmfsd.gpo@pakpost.gov.pk، واٹس ایپ نمبر 0321-7677295

چیف پوسٹ ماسٹر فیصل آباد جی پی او

CamScanner

ٹینڈر فارم برائے سائیکل و موٹر سائیکل سٹینڈ، فیصل آباد جی پی او بابت 27- 2026

ٹینڈر دہندہ کا نام_____ولدیت_____

قومی شناختی کارڈ نمبر_____موجودہ پتہ_____نیشنل ٹیکس نمبر____

بولی کی رقم (ماہانہ)_____پوسٹل / بینک ڈرافٹ نمبر برائے زر ضمانت، رقم_____تاریخ_____

پروسیسنگ فیس دس ہزار (/-10000) روپے رسید نمبر_____رقم_____

تاریخ_____

بندہ نے ٹینڈر میں تحریر تمام شرائط کو پڑھ لیا ہے اور بندہ ان پر عمل کرنے کا پابند رہے گا۔

دستخط_____

نام_____ولدیت_____

موجودہ پتہ_____

تاریخ_____

Chief Postmaster
Faisalabad G.P.O

CamScanner